11/02/2026

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میناعجازہ اختر

بجٹ CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ حکومت لوگوں کے ساتھ کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کرنے کی وعدہ بند ہے۔کل اسمبلی میں بجٹ پر ہوئے بحث کا جواب دیتے ہوئے انہوننے کہا کہ بجٹ جموں وکشمیر کی مستحکم اقتصادی ترقی، سماجی بہبود اور شمولیاتی ترقی کےلئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کر رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت روزگار کے مواقعے پیدا کرنے، بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے ، عوامی خدمات کی بہتری نیز سماج کے سبھی طبقوں تک ترقی کے فوائد پہنچانے کی طرف توجہ دے رہی ہے۔

لوک بھون

لوک بھون جموں میں کل لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے کئی وفود اور افراد نے ملاقات کی۔ MLAنےترال رفیق احمد نائیک LGسے ملاقات کر کے اپنے حلقہ انتخاب سے متعلق عوامی اہمیت کے حامل کئی معاملات اُبھارے۔ اپنی پارٹی کے سینئر نائب صدر غلام حسن میر نے LGبھی سے ملاقات کر کے کئی اہم معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں کئی محکمونکی طرف سے دردست لئے گئے پروجیکٹوں کا جائزہ لیا۔

کا جائزہ لیتے ہوئے واضح کیا کہ زیر JTFRPانہوں نے جہلم توی فلڈ ریکوری پروجیکٹ یعنی التواءکاموں کو اگست2026تک مکمل کیا جانا چاہئے۔ انہوننے ہمہامہ میں سٹیٹ ایمر جنسی کے مجوزہ کریٹکل کئیر ڈھانچے کی بروقت JTFRPاسپتال کے اضافی بلاک اورLDآپریشن سینٹر، تکمیل پر زور دیا ۔

کی بچت سے صحت محکمہ JTFRPانہوننے کہا کہ
ایمبولینسز،100وینٹلیٹرس،250مانیٹرس،100پورٹیبل الٹرا ساونڈ مشینیں اور50 ہینڈ ہیلڈ ALSسو ایکسرے مشینیں خریدے گا۔ اسکے علاوہ اس بچت سے بارہمولہ کے5 پُل رواں سال کے مارچ مہینے تک مکمل ہونگے۔

ڈویژنل کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے رمضان المبارک کے پیش نظر ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں سحری و افطار کے اوقات میں بلا تعطل بجلی کی فراہمی اور بازاروں کی سخت نگرانی کی ہدایات جا ری کی ہیں۔

ڈویژنل کمشنر نے تمام ضلع ترقیاتی کمشنروں سے لوگوں کےلئے بنیادی سہولیات یقینی بنانے،ٹرانسپورٹ کی معقول سہولیات ، معیاری اشیائے خورد نوش کی دستیابی اور باقاعدہ مارکٹ چیکنگ مہم تیز کرنے کی تاکید کی ۔

اعجاز اسد

دیہی ترقی و پنچایتی راج محکمے کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے جمونو کشمیر میں سو چھ بھارت مشن گرامین اورراشٹریہ گرام سوراج ابھیان کی عمل آوری کا اعلیٰ سطحی میٹنگ میں جائزہ لیا۔ انہوں نے دیہی صفائی ، پنچایت گھروں کی تعمیر اور پنچایت ایڈوانسمنٹ انڈکس2.O کے تحت موثر منصوبہ بند پر زور دیا۔

سیکریٹری موصوف نے ضلع وار ٹینڈرنگ کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے صفائی اثاثہ جات کو بر وقت فعال بنانے کی ہدایت بھی دیں۔ میٹنگ میں پنچایت گھروں میں کامن سروس سینٹرس کے قیام، پنچایت لیرننگ سینٹرس کو فعال بنانے اور نئے قائم شدہ 40مراکز کو جلد عملی شکل دینے کی ہدایت دی گئی۔

سرینگرDC

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے سرینگر شہر کے ہارون علاقے میں جا ری ترقیاتی کاموں کا موقعے پر جائزہ لیا۔ انہوننے ملوری نالہ پر زیر تعمیر تین پُلوں کی پیش رفت کا معائنہ کیا۔
ڈپٹی کمشنر نے سیدہ پورہ بالا اور گنڈ تل غنی مہر روڈ پر پُلوں کی تعمیر اور رابطہ سڑکوں کے کام کا معائنہ کر تے ہوئے متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ کام کو مقررہ وقت میں مکمل کریں۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر مینسماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور جموں کشمیر ACBراشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔ کو ACBکے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے ایک پیغام کہا ہے کہ کوئی بھی شکایت کنندہ ، واٹس اپ یا سترک ناگرک ایپ کے ذریعے درج Email بدعنوانی سے متعلق اپنی شکایت کراسکتا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت2اعشاریہ8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11 اعشاریہ 1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

.....